*This Question Paper contains 16 printed pages*

***(Part - A & Part - B)***

Sl.No. 0100499

# 05(U)

**(MARCH, 2018)**

**(New Course)**

| પ્રશ્ન પેપરનો સેટ નંબર જેની સામેનું વર્તુળ OMR શીટમાં ઘટ્ટ કરવાનું રહે છે. **Set No. of Question Paper, circle against which is to be darken in OMR sheet.** |
|---|
| **01** |

Day 1

**Part - A : Time : 1 Hour / Marks : 50**

**Part - B : Time : 2 Hours / Marks : 50**

## (PART - A)

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 1 Hour*

**ہدایات :**

(1) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات لازمی ہیں۔

(2) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات کے نمبر (مارکس) یکساں ہیں۔ ہر سوال کا 01 نمبر (مارکس) ہے۔

(3) OMR شیٹ پر ہر سوال کے سامنے O (D) O (C) O (B) O (A) دیا گیا ہے۔

اُس سوال کا جو صحیح جواب ہو اُس کا متبادل تلاش کر کے OMR سیٹ کے دائرے "O" میں پین سے مکمل گہرا

● کرنا ہوگا۔

1. ابابیل نے شہزادہ خزم کی دوسری آنکھ نکال کر کسے دی؟

(A) سلائی کرنیوالی عورت کو
(B) دِیا سلائی بیچنے والی لڑکی کو
(C) ڈرامہ لکھنے والے نوجوان کو
(D) غریب بچوں کو

2. مرزا اختر حسین یونیورسٹی میں کس عہدے پر فائز تھے؟

(A) اسٹنٹ رجسٹرار
(B) رجسٹرار
(C) پرنسپل
(D) مدرِّس

3. فقیر روزانہ کتنے سیر دودھ پیتا تھا؟

(A) ایک سیر
(B) تین سیر
(C) پانچ سیر
(D) دوسیر

4. ''سخی''، سبق میں مصنف ہوٹل میں کس کا انتظار کر رہے تھے؟

(A) لولا بخش کا
(B) شرافت حسین کا
(C) اخبار کے ایڈیٹر کا
(D) ٹیوشن والے کا

5. مان سنگھ اکبر کی طرف سے کیا پیغام لے کر آیا تھا؟

(A) صلح دوستی اور پیار کا
(B) جنگ کرنے کا
(C) غلام بنانے کا
(D) رانا کو پہاڑوں میں قید کرنے کا

6. ریل منتری نے ریل میں سفر کرنے کا ارادہ کیوں کیا؟

(A) ریل کی کیو میں کھڑے رہنے کے لئے
(B) ریل کے محکمے کی جانکاری کے لئے
(C) مسافروں کے مسائل سننے کے لئے
(D) ٹکٹ کی جانکاری کے لئے

7. ''راجپوتانہ تو کیا ساری دنیا کی اینٹ سے اینٹ بج جائے

پھر بھی جس اکبر کی غلامی پر تیار نہیں ہوں''

یہ جملہ کون کس سے کہتا ہے؟

(A) چمپاونی رانا سے
(B) رانی رانا سے
(C) رانا مان سنگھ سے
(D) رانا سپاہیوں سے

8. سیکریٹری چپ چاپ منتری کے کمرے سے باہر نکلا تو اُسے کیا محسوس ہوا؟

(A) منتری غصے میں ہیں
(B) منتری اُسے باہر کیوں نکال رہے ہیں
(C) منتری نے اُسے گھومنے کو کیوں کہا
(D) وہ سچ مچ کوئی ڈراونا خواب دیکھ رہا ہے

9. ''بات پھولوں کی''، سبق میں سارے شہر کے لوگ سوگندھی لال کی دُکان پر پھول لینے آنے لگے کیونکہ۔۔۔

(A) راجو نے پھولوں کے ہاروں میں ننھی کے چاند ستارے اور پودینے کے پتے گوندھنا شروع کئے تھے
(B) راجو نے پھولوں کے ساتھ نوٹ بھی گوندھنا شروع کئے تھے۔
(C) راجو نے گلاب کے پھولوں میں چاند ستارے لگائے تھے۔
(D) سوگندھی لال کی دُکان بہت مشہور تھی۔

10. پریم شنکر اپنا گھر بار چھوڑ کر کیوں چلے گئے تھے۔

(A) گھر میں رہنا اچھا نہیں لگتا تھا۔

(B) گھر کے جھگڑے پسند نہ تھے۔

(C) وہ امریکہ گھومنا چاہتے تھے۔

(D) چچا نے امریکہ پڑھنے جانے کی مخالفت کی۔

11. عِصمت اللہ سے کیا دُعا مانگتیں تھیں؟

(A) مجھے بڑا انسان بنادے

(B) مجھے لڑکا بنادے

(C) مجھے نیک بنادے

(D) مجھے ڈاکٹر بنادے

12. ''آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم'' نے مدینہ میں پہلی نماز جمعہ کہاں ادا کی تھی؟

(A) مسجدِ اقصیٰ

(B) مسجدِ نبوی

(C) مسجدِ رانونا

(D) مسجدِ جن

13. ''اُمید بہ دُنیا قائم'' سبق کے مطابق موت کا رنج کون مٹاتا ہے؟

(A) زندگی کی اُمید

(B) زندگی کی نا اُمیدی

(C) زندگی کی خوشیاں

(D) زندگی کے آرام

14. مرحومہ کو غالبؔ نے کن ناموں سے مخاطب کیا ہے؟

(A) مُحسنہ اور ہمشیرہ

(B) مربیّہ اور ہمشیرہ

(C) مُحسنہ اور مہربان

(D) مربیّہ اور مُحسنہ

15. درمیانہ طبقے کی لڑکیوں میں لازمی صفت کیا سمجھی جاتی تھی؟

(A) اچھے اخلاق

(B) اچھی عادت

(C) شرم وحیا

(D) جھک کر سلام کرنا

16. شاعر نے شمع دان کسِے کہا ہے؟

(A) اُفق کو
(B) شفق کو

(C) دیئے کو
(D) مشعل کو

17. نسیم اُٹھی تو کس نے اُس کا استقبال کیا؟

(A) پھولوں نے جھک کر
(B) پتوں نے آپس میں ملکر

(C) ہرایک شاخ نے جھک کر
(D) تمام پرندوں نے چہچہا کر

18. لال کیا کہنے لگے؟

(A) اے حق تو ہے
(B) خُدا ایک ہے
(C) صُمٌّ بُکمٌ
(D) A اور B دونوں

19. خدا کی دستِ قدرت نے آدم کو کس چیز سے بنایا؟

(A) سیم سے
(B) زر سے
(C) آگ سے
(D) مٹّی سے

20. اکبر کے کلام کا کیا نام تھا؟

(A) دیوانِ اکبر
(B) کلیاتِ اکبر
(C) خزانۂ اکبر
(D) غزلیاتِ اکبر

21. خدُائی بھر میں شاعر کا غمگسار کون ہے؟

(A) شاعر کا دِل
(B) شاعر کا دِماغ
(C) شاعر کا محبوب
(D) شاعر کا دُشمن

22. حبیبِ گُل سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(A) مسلمان کی فطرت
(B) مسلمان کا مذہب
(C) مسلمان کا عقیدہ
(D) مسلمان کا دِل

23. اکبر نے اپنی شاعری کس کی اصلاح کے لئے وقف کر دی؟

(A) قوم کی اصلاح (B) قوم کی بھلائی

(C) بچوں کی اصلاح (D) شاعروں کی اصلاح

24. ھندو چلا گیا نہ مسلمان چلا گیا

انسان کی جستجو میں اک انسان چلا گیا

(اس شعر میں شاعر نے کس کے چلے جانے کی بات کی ہے؟)

(A) ھندو (B) مسلمان

(C) ایک دُشمن (D) ایک اچھا انسان

25. مسلمان راہِ ترقی سے جُدا ہو کر کہاں آ گئے ہیں؟

(A) پستی کی طرف (B) ترقی کے راستے پر

(C) بدی کی طرف (D) ان میں سے ایک بھی نہیں

26. شاعر دوستوں کی محفل میں اپنا حال سنانے کے لئے کِسے کہتا ہے؟

(A) بادِ صبا (B) بادِ سحر

(C) شبنم (D) طائرِ سحر

27. عشق کرو انسانو____ نظم میں پہلے انسان کس لئے جنگ کرتا تھا؟

(A) اپنی طاقت بتانے کے لئے (B) اپنا رُعب جمانے کے لئے

(C) اپنے تحفظ کے لئے (D) اپنے آپ کو سردار کہلوانے کے لئے

28. اصغر گونڈوی کی غزل کے دوسرے شعر میں چمن سے کیا مراد ہے؟

(A) گلزار (B) ہندوستان

(C) یہ دنیا (D) پھولوں کا باغ

29. ساتوں آسمان کس پر فدا ہوتے ہیں؟

(A) ماہ (B) آفتاب

(C) خورشید (D) شش جہت

30. غریبوں کی قبر سے کیا صدا آتی ہے؟

(A) جانے والے اِدھر مت آنا (B) جانے والے ہم کو مت بھولنا

(C) جانے والے اپنا راستہ خود بنانا (D) جانے والے اِدھر بھی ہوتے جانا

31. صحیح تلفظ والا الفاظ تلاش کیجیے۔

(A) خیت (B) روجا

(C) خُدا (D) رمجان

32. مندرجہ ذیل میں سے اِسمِ ظرف والا لفظ پہچانیے۔

(A) بادبان (B) پاندان

(C) روزن دان (D) باغبان

33. مندرجہ ذیل میں سے مرکبِ توصیفی پہچانیے۔

(A) قومی بازو
(B) دست وپا
(C) آہستہ آہستہ
(D) بحث وتکرار

34. ''مکاں مکاں لامکاں اُس کا'' خط کشیدہ لفظوں کی اسم پہچانیے۔

(A) اِسم خاص
(B) اِسم کیفیت
(C) اِسم جمع
(D) اِسمِ مکرّر

35. جس شعر میں کسی تاریخی یا مذہبی واقعات کا ذکر ہوا سے ------ کہتے ہیں۔

(A) صنعتِ استعارہ
(B) صنعت تضاد
(C) صنعت تلمیح
(D) صنعتِ تشبیہ

36. ہمارے ونش کا نام ونشان بھی مٹ جائے گا۔
(حروف تخصیص تلاش کیجیے)

(A) ونش
(B) مٹ
(C) نام
(D) بھی

37. مندرجہ ذیل میں سے اِسمِ تصغیر تلاش کیجیے۔

(A) طمنچہ
(B) تھال
(C) سینی
(D) ان میں سے ایک بھی نہیں

38. مقبول احمد لائبریری گئے ہیں۔

(خط کشیدہ الفاظ کی اِسمِ پہچانیے)

(A) اِسمِ عام
(B) اِسمِ خاص
(C) اِسمِ جمع
(D) اِسمِ آلہ

39. مقطع کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کے پہلے شعر کو
(B) غزل کے دوسرے شعر کو
(C) غزل کے آخری شعر کو
(D) غزل سے سب سے اچھے شعر کو

40. مندرجہ ذیل میں سے تجنیس ناقص وزائد پہچانیے

(A) رخت ___ درخت
(B) شان ___ شاندار
(C) صحت ___ صحت من
(D) مرد ___ مردان

41. وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو۔ اس جملے کے لئے جامع لفظ تلاش کیجیے۔

(A) چٹیل میدان
(B) سایہ دار میدان
(C) ریتیلا میدان
(D) B اور C دونوں

42. ''دم میں دم آنا'' ___ محاورے کا صحیح معنی تلاش کیجیے۔

(A) سانس آنا
(B) دم آنا
(C) اطمینان ہونا
(D) گھبراہٹ ہونا

.43 مندرجہ ذیل میں سے استفہام انکاری کا مصرعہ تلاش کیجیے۔

(A) بیمار زندگی کی کرے کون دلدہی
(B) کیا اہل دل میں جذبہ غیرت نہیں رہا؟
(C) ایک عاشق صداقت پنہاں چلا گیا
(D) خوش ہے بدی جو دام، یہ نیکی پہ ڈال کر

.44 کل زیادہ بارش ہوئی (خط کشیدہ لفظ کی صفت پہچانیے)

(A) صفتِ ذاتی
(B) صفتِ عددی
(C) صفتِ نسبتی
(D) صفتِ مقداری

.45 جب ایک لفظ کے دو معنی ہوں تو ایسے لفظ کو۔۔۔لفظ کہتے ہیں۔

(A) ہم معنی
(B) ذو معنی
(C) مختلف معنی
(D) ایک معنی

.46 مترادف کی صحیح جوڑی تلاش کیجیے۔

(A) شب و روز
(B) صبح و شام
(C) صحیح و سالم
(D) قومی بازو

.47 "جب اپنے کنّے رکھتے تھے تب بھی صرف تھا لڑکوں کا" (خط کشیدہ لفظ کا جدید معنی تلاش کیجیے)

(A) کے
(B) کتنے
(C) کوئی
(D) پاس

48. مندرجہ ذیل جملوں میں سے پیچیدہ جملہ تلاش کیجیے۔

(A) لولابخش نے باغ کے اندر نظر کی

(B) ہرقسم کی بلائیں اور مصیبتیں انساں پر آتی ہیں

(C) دینی چیزوں کی امیدیں زیادہ قوی اور مضبوط ہوتی ہیں

(D) ہرایک قسم کی بلائیں اور مصیبتیں اور بیماریاں جوانسان کو ہوتی ہیں سب نکل پڑیں۔

49. مندرجہ ذیل میں سے سابقے کا لفظ تلاش کیجیے۔

(A) باادب

(B) کہسار

(C) بت کدہ

(D) ھنرمند

50. ''تکلیف'' لفظ کی صحیح جمع تلاش کیجیے۔

(A) تکلیفوں

(B) تکالیف

(C) تکلُّف

(D) تکلُّفوں

B-530

# 05(U)

**(MARCH, 2018)**

**(New Course)**

**(PART-B)**

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 2 Hours*

**ہدایات:**

(1) اس سوالنامے میں کُل چار حصّے ہیں۔

(2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(3) بائیں جانب کے اعداد مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

(4) ہر سیکشن کے جوابات نئے صفحہ سے شروع کریں۔

(5) سوالات کی ترتیب کو مدنظر رکھیں۔

## SECTION - A

■ مندرجہ ذیل سوال کا جواب دس بارہ جملوں میں لکھیے۔ [4]

1. ابابیل کی ملاقات شہزادہ خُرّم سے کسطرح ہوئی؟

یا

مغلوں کی اطاعت کرنے کے سلسلے میں رانی مہارانا پرتاب کو کیا مشورہ دیتی ہے؟ کیوں؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار سطروں میں لکھیے۔ [4]

2. سوگندھی لال نے راجو کی تنخواہ کیوں بڑھادی؟

3. داؤد علیہ السلام نے مصیبت اور تکلیف کے وقت خدا سے کیا مناجات کی تھی؟

یا

مسجد نونہ کی صحیح حقیقت سے مصنف کب واقف ہوتے؟

■ درج ذیل سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ [3]

4. ''عشق کروانسانوں''، نظم میں شاعر نے قوت کی تعریف میں کیا کہا ہے؟

یا

شاعر نے گاندھی جی کے کن کن اوصاف کی نشان دہی کی ہے؟

■ درج ذیل سوالات کے جوابات تین چار سطروں میں لکھئے۔ [4]

5. ٹوٹی ہوئی شاخ کا کیا انجام ہوتا ہے کیوں؟

6. ''چاندتاروں کا بن''، نظم کے حوالے سے بتایئے کہ شاعر نے اپنے ساتھیوں کو ہمّت وحوصلہ دلانے کے لئے کیا آواز دی ہے؟

یا

اذان ہونے پر کس کس نے کسطرح عبادت کی؟

## SECTION - B

■ مندرجہ ذیل عبارت کا اختصار ایک تہائی 1/3 حصّے میں کیجیے۔ اور مناسب عنوان دیجیے۔ [5]

7. بُری خصلتیں وہ اخلاق ذمیمہ ہیں جن کو خُدا ناپسند فرماتا ہے۔ جن سے بچنے کا حکم اس نے اپنے بندوں کو دیا ہے جن کے کرنے والے اُس کے حضور میں گنہہ گار ٹھہرائے جاتے ہیں۔ جن کی بُرائی کو ہر عقلمند جانتا اور مانتا ہے۔ اور جن کی بدولت انسانی افراد اور جماعتوں کو روحانی اور مادّی نقصانات پہنچتے ہیں۔ اور اُن کی معاشرت تباہ ہوجاتی ہے۔ بلکہ وہ کسی قوم میں عام ہوجاتے ہیں۔ تو پوری قوم تباہی و بربادی کا سبب بن جاتے ہیں یعنی اس کی دینی ودنیاوی ترقیوں کی راہیں مسدود ہوجاتی ہیں۔ اور سعادت واقبال کا دروازہ اُس پر بند ہوجاتا ہے۔

■ مندرجہ ذیل شعر کی تشریح پندرہ جملوں میں لکھیے۔ [5]

8. وہ باتیں جن سے قومیں ہورہی ہیں نامور سیکھو
اُٹھو تہذیب سیکھو، صنعتیں سیکھو، ہنر سیکھو

یا

خاک کو آدم کر کے اٹھایا جس کے دستِ قدرت نے
قدر نہیں کچھ اُس بندے کی یہ بھی خدا کی قدرت ہے

## SECTION - C

9. دادا صاحب پھالکے روڈ، دادر ممبی نمبر 14 سے محمود اپنے دوست فیض احمد کو جو A/146 گلستان فلیٹ جوہاپورہ احمد آباد میں مقیم ہے۔ اُسے بوگ کی اہمیت بتاتا ہوا خط لکھتا ہے۔ [5]

10. تمہاری اسکول میں منائے گئے یومِ اساتذہ کا احوال 100 لفظوں میں لکھیئے۔ [5]

## SECTION - D

■ مندرجہ ذیل عبارت پڑھکر دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیئے۔ [3]

مغلیہ سلطنت گھٹتے گھٹتے اور سکڑتے سکڑتے لال قلعہ کی چار دیواری میں ٹھٹھر کر رہ گئی۔
دانایانِ فرنگ کی تدبیر و شمشیر سے کوئی راجا کوئی حاکم، کوئی رئیس، کوئی نواب عہدہ برآ نہ ہوسکا۔
شاہ عالم بادشاہ نے فرنگیوں کو بیٹا بنایا اور ان کی دی ہوئی پنشن کو اللہ امین کر کے قبول کرلیا۔ کیوں کہ مرتا کیا نہ کرتا۔
جان بچی سو لاکھو پائے ایک شاہِ عالم بادشاہ کے دل میں فرنگیوں نے گھر نہیں کرلیا تھا بلکہ ہندوستانی عموماً اُنہیں اچھا جاننے لگے تھے۔

سوالات:

11. مغلیہ سلطنت کہاں تک محدود ہوگئی تھی؟

12. دانایانِ فرنگ نے اُس وقت کے لوگوں پر کسطرح غلبہ پایا؟

13. شاہِ عالم نے فرنگیوں کی پنشن کیوں قبول کرلی؟

■ مندرجہ ذیل اشعار پڑھکر سوالوں کے جواب لکھئے۔ [4]

او دیس سے آنے والے بتا — کس حال میں ہیں یارانِ وطن
آوازہ غربت کو بھی سُنا — کس رنگ میں ہیں کنعانِ وطن
وہ باغ وطن فردوسِ وطن — وہ سروِ وطن، ریحان وطن
کیا اب بھی شفق کے سایو میں — دن رات کے دامن ملتے ہیں
کیا اب بھی چمن میں ویسے ہی — خوشگوار شگوفے کھلتے ہیں

سوالات:

14. شاعر دیس سے آنے والے سے کیا پوچھتا ہے؟

15. آوارۂ غربت کس کو کہا ہے اور کیوں؟

16. دیس سے آنے والے سے وہ کیا سُننا چاہتا ہے؟

17. کنعانِ وطن کس کو کہا ہے؟

دیئے گئے نکات کی مدد سے کسی ایک عنوان پر لگ بھگ 250 لفظوں میں مضمون لکھیے۔ [8]

18. کتب بینی:

انسان کا شوق __ کتابیں پڑھنے کے فائدے __ نئی نئی معلومات __ سائنسی ایجادات __ اہم پہلوؤں کی ترقی نشونما __ دُنیا کے مختلف مذاہب کی معلومات زندگی کے مسائل کا حل:

یا

دیہاتی زندگی:

گاؤں کا منظر __ قدرتی خوبصورتی __ لوگوں کی طرزِ زندگی رہن سہن، کھانا پینا، دلوں کا خلوص __ کھیتوں، باغوں، جھولوں کا منظر __ کنوؤں کا منظر تعلیم کی کمی وغیرہ۔

یا

باغ کی سیر:

روزمرّہ کی زندگی __ طبیعت کا بیزار ہونا __ تروتازہ ہونے کے لئے باغ کی سیر __ باغ میں مختلف مناظر __ مختلف گروپ __ جھولے، گیم اور مختلف لطف کے سامان، خوشنما نظارے۔

⇨ ⇨ ⇨ ⇨